جہاد کی اہمیت

برادرانِ اسلام! اس سے پہلے ایک مرتبہ میں آپ کو دین اور شریعت اور عبادت کے معنی بتا چکا ہوں۔ اب ذرا پھر اس مضمون کو اپنے دماغ میں تازہ کر لیجیے۔

دین کے معنی اطاعت کے ہیں۔

شریعت قانون کو کہتے ہیں۔

عبادت سے مراد بندگی ہے۔

جب آپ کسی کی اطاعت میں داخل ہوئے اور اس کو اپنا حاکم تسلیم کر لیا تو گویا آپ نے اس کا دین قبول کیا ــــ پھر جب وہ آپ کا حاکم ہوا اور آپ اُسکی رعایا بن گئے تو اسکے احکام اور اسکے مقرر کیے ہوئے ضابطے آپکے لیے قانون یا شریعت ہونگے ــــ اور جب آپ اسکی اطاعت کرتے ہوئے اُس کی شریعت کے مطابق زندگی بسر کرینگے، جو کچھ وہ طلب کریگا حاضر کر دینگے، جس بات کا وہ حکم دیگا اسے بجا لائینگے، جن کاموں سے وہ منع کریگا اُن سے رُک جائینگے، جن حدود کے اندر رہ کر کام کرنا وہ آپکے لیے جائز ٹھیرائیگا انہی حدود کے اندر آپ رہینگے، اور اپنے آپس کے تعلقات و معاملات اور مقدموں اور قضیوں میں اُسی کی ہدایت پر چلینگے اور اُسی کے فیصلہ پر سر جھکائینگے، تو آپکے اس رویہ کا نام بندگی یا عبادت ہوگا۔

اس تشریح سے یہ بات صاف ہو جاتی ہے کہ دین دراصل حکومت کا نام ہے، شریعت اس حکومت کا قانون ہے، اور عبادت اس کے قانون اور ضابطہ کی پابندی ہے۔ آپ جس کسی

کو حاکم مان کر اسکی محکومی قبول کرتے ہیں، دراصل آپ اس کے دین میں داخل ہوتے ہیں۔ اگر آپ کا وہ حاکم اللہ ہے تو آپ دینِ اللہ میں داخل ہوئے، اگر وہ کوئی بادشاہ ہے تو آپ دینِ بادشاہ میں داخل ہوئے، اگر وہ کوئی خاص قوم ہے تو آپ اسی قوم کے دین میں داخل ہوئے، اور اگر وہ خود آپ کی اپنی قوم یا آپکے وطن کے جمہور ہیں تو آپ دینِ جمہور میں داخل ہوئے۔ غرض جسکی اطاعت کا قلادہ بھی آپ کی گردن میں ہے فی الواقع اسی کے دین میں آپ ہیں، اور جس کے قانون پر بھی آپ عمل کر رہے ہیں دراصل اسی کی عبادت کر رہے ہیں۔

یہ بات جب آپ نے سمجھ لی تو بغیر کسی دقت کے یہ سیدھی سی بات بھی آپ سمجھ سکتے ہیں کہ انسان کے دو دین کسی طرح نہیں ہو سکتے، کیونکہ مختلف حکمرانوں میں سے بہرحال ایک ہی کی اطاعت آپ کر سکتے ہیں، مختلف قانونوں میں سے بہرحال ایک ہی قانون آپ کی زندگی کا ضابطہ بن سکتا ہے، اور مختلف معبودوں میں سے ایک ہی کی عبادت کرنا آپ کے لیے ممکن ہے۔ آپ کہینگے کہ ایک صورت یہ بھی تو ہو سکتی ہے کہ عقیدے میں ہم ایک کو حاکم مانیں اور واقعہ میں اطاعت دوسرے کی کریں، پوجا اور پرستش ایک کے آگے کریں اور بندگی دوسرے کی بجا لائیں، اپنے دل میں عقیدہ ایک قانون پر رکھیں اور واقعہ میں ہماری زندگی کے سارے معاملات دوسرے قانون کے مطابق چلتے رہیں۔ میں اسکے جواب میں عرض کرونگا بے شک یہ ہو تو سکتا ہے، اور ہو سکتا کیا معنی ہو ہی رہا ہے، مگر یہ ہے شرک، اور یہ شرک سر سے پاؤں تک جھوٹ ہی جھوٹ ہے۔ حقیقت میں تو آپ اُسی کے دین پر ہیں جسکی اطاعت واقعی آپ کر رہے ہیں۔ پھر یہ جھوٹ نہیں تو کیا ہے کہ جسکی اطاعت آپ نہیں کر رہے ہیں اُس کو اپنا حاکم اور اُس کے دین کو اپنا دین کہیں؟ اور اگر زبان سے آپ ایسا کہتے بھی ہیں یا دل میں ایسا سمجھتے بھی ہیں تو اس کا فائدہ اور اثر کیا ہے؟ آپ کا یہ کہنا کہ ہم اسکی شریعت پر ایمان لاتے ہیں، بالکل ہی بے معنی ہے جبکہ آپ کی زندگی

کے تمام معاملات اُس کی شریعت کے دائرے سے نکل گئے ہوں اور کسی دوسری شریعت پر چل رہے ہوں۔ آپ کا یہ کہنا کہ ہم فلاں کو معبود مانتے ہیں، اور آپ کا اپنے اِن سروں کو جو گردنوں پر رکھے ہوئے ہیں، سجدے میں اسکے آگے زمین پر ٹیک دینا، بالکل ایک مصنوعی فعل بن کر رہ جاتا ہے جبکہ آپ واقع میں بندگی دوسرے کی کر رہے ہوں۔ حقیقت میں آپکا معبود تو وہ ہے اور آپ دراصل عبادت اُسی کی کر رہے ہیں جسکے حکم کی آپ تعمیل کرتے ہیں، جسکے منع کرنے سے آپ رکتے ہیں، جسکی قائم کی ہوئی حدود کے اندر رہ کر آپ کام کرتے ہیں، جسکے مقرر کیے ہوئے طریقوں پر آپ چلتے ہیں، جسکے ضابطہ کے مطابق آپ دوسروں کا مال لیتے اور اپنا مال دوسروں کو دیتے ہیں، جسکے فیصلوں کی طرف آپ اپنے معاملات میں رجوع کرتے ہیں، جسکی شریعت پر آپکے باہمی تعلقات کی تنظیم اور آپکے درمیان حقوق کی تقسیم ہوتی ہے، اور جسکی طلبی پر آپ اپنے دل و دماغ اور ہاتھ پاؤں کی ساری قوتیں، اور اپنے کمائے ہوئے مال اور آخرکار اپنی جانیں تک پیش کر دیتے ہیں۔ پس اگر آپکا عقیدہ کچھ ہو اور واقعہ اس کے خلاف ہو، تو اصل چیز واقعہ ہی ہوگا۔ عقیدے کے لیے اس صورت میں سرے سے کوئی جگہ نہ ہوگی، نہ ایسے عقیدے کا کوئی وزن ہی ہوگا۔ اگر واقعہ میں آپ دینِ بادشاہ پر ہوں تو اس میں دینِ اللہ کے لیے کوئی جگہ نہ ہوگی۔ اگر واقعہ میں آپ دینِ جمہور پر ہوں، یا دینِ انگریز یا دینِ جرمن یا دینِ ملک و وطن پر ہوں تو اس میں بھی دینِ اللہ کے لیے کوئی جگہ نہ ہوگی۔ اور اگر فی الواقع آپ دینِ اللہ پر ہوں تو اسی طرح اس میں بھی کسی دوسرے دین کے لیے کوئی جگہ نہیں ہو سکتی۔ بہر حال یہ خوب سمجھ لیجیے کہ شرک جہاں بھی ہوگا جھوٹ ہی ہوگا۔

یہ نکتہ بھی جب آپکے ذہن نشین ہو گیا تو بغیر کسی لمبی چوڑی بحث کے آپکا دماغ خود اس نتیجہ پر پہنچ سکتا ہے کہ دین، خواہ کوئی سا بھی ہو، لامحالہ اپنی حکومت چاہتا ہے۔ دینِ جمہوری ہو یا دینِ بادشاہی، دینِ اشتراکی ہو یا دینِ الٰہی، یا کوئی اور دین، بہر حال ہر دین کو اپنے قیام کے لیے

خود اپنی حکومت کی ضرورت ہوتی ہے۔ حکومت کے بغیر دین بالکل ایسا ہے جیسے ایک عمارت کا نقشہ آپ کے دماغ میں ہو، مگر عمارت زمین پر موجود نہ ہو۔ اس دماغی نقشہ کے ہونے کا فائدہ ہی کیا ہے جبکہ آپ رہینگے اس عمارت میں جو فی الواقع موجود ہوگی؟ اُسی کے دروازے میں آپ داخل ہونگے اور اسی کے دروازے سے نکلینگے۔ اُسی کی چھت اور اسی کی دیواروں کا سایہ آپ پر ہوگا۔ اُسی کے نقشے پر آپ کو اپنی سکونت کا سارا انتظام کرنا ہوگا۔ پھر بھلا ایک نقشہ کی عمارت میں رہتے ہوئے آپ کا کسی دوسرے طرز یا دوسرے نقشے کی عمارت اپنے ذہن میں رکھنا، یا اس کا محض معتقد ہوجانا آخر معنی ہی کیا رکھتا ہے؟ وہ خیالی عمارت آپ کے ذہن میں ہوگی اور آپ خود اُس واقعی عمارت کے اندر ہونگے جو زمین پر بنی ہوئی ہے۔ عمارت کا نقشہ دماغ والی عمارت کے لیے تو کوئی بوتا نہیں ہے، نہ ایسی عمارت میں کوئی رہ سکتا ہے۔ عمارت تو کہتے ہی اُس کو ہیں، اور آدمی رہ اسی عمارت میں سکتا ہے، جس کی بنیادیں زمین میں ہوں اور جسکی چھت اور دیواریں زمین پر قائم ہوں۔ بالکل اِسی مثال کے مطابق کسی دین کے حق ہونے کا محض اعتقاد کوئی معنی نہیں رکھتا، اور ایسا اعتقاد لاحاصل ہے جبکہ لوگ عملاً ایک دوسرے دین میں زندگی بسر کر رہے ہوں۔ جس طرح خیالی نقشے کا نام عمارت نہیں ہے، اسی طرح خیالی دین کا نام بھی دین نہیں ہے، اور خیالی عمارت کی طرح کوئی شخص خیالی دین میں بھی نہیں رہ سکتا۔ دین وہی ہے جس کا اقتدار زمین میں قائم ہو، جس کا قانون چلے، اور جسکے ضابطہ پر زندگی کے معاملات کا انتظام ہو۔ لہذا ہر دین عین اپنی فطرت ہی کے لحاظ سے اپنی حکومت کا تقاضا کرتا ہے، اور دین ہوتا ہی اسی لیے ہے کہ جس اقتدار کو وہ تسلیم کرانا چاہتا ہے اسی کی عبادت اور بندگی ہو اور اسی کی شریعت نافذ ہو۔

مثال کے طور پر دیکھیے۔

دین جمہوری کا کیا مفہوم ہے؟ یہی نا کہ ایک ملک کے عام لوگ خود اپنے اقتدار کے مالک

ہوں، ان پر خود انہی کی بنائی ہوئی شریعت چلے، اور ملک کے سب باشندے اپنے جمہوری اقتدار کی اطاعت و بندگی کریں۔ بتائیے، یہ دین کیونکر قائم ہو سکتا ہے جب تک کہ ملک کا قبضہ واقعی جمہوری اقتدار کو حاصل نہ ہو جائے اور جمہوری شریعت نافذ نہ ہونے لگے؟ اگر جمہور کے بجائے کسی غیر قوم کا یا کسی بادشاہ کا اقتدار ملک میں قائم ہو اور اسی کی شریعت چلے تو دین جمہوری کہاں رہا؟ کوئی شخص دین جمہوری پر اعتقاد رکھتا ہو تو رکھا کرے، جب تک بادشاہ کا یا غیر قوم کا دین قائم ہے دین جمہوری کی پیروی تو وہ نہیں کر سکتا۔

دین پادشاہی کو لیجیے۔ یہ دین جس بادشاہ کو بھی حاکم اعلیٰ قرار دیتا ہے، اسی لیے تو قرار دیتا ہے کہ اطاعت و عبادت اسکی ہو اور شریعت اسکی نافذ ہو۔ اگر یہی بات نہ ہوئی تو بادشاہ کو بادشاہ ماننے اور اسے حاکم اعلیٰ تسلیم کرنے کے معنی ہی کیا ہوئے؟ دین جمہور چل پڑا ہو یا کسی دوسری قوم کی حکومت قائم ہو گئی ہو تو دین پادشاہی رہا کب کہ کوئی اسکی پیروی کر سکے۔

دور نہ جائیے، اسی دین انگریز کو دیکھ لیجیے جو اس وقت ہندوستان کا دین ہے۔ یہ دین اسی وجہ سے تو چل رہا ہے کہ تعزیرات ہند اور ضابطۂ دیوانی انگریز کی طاقت سے نافذ ہے، آپ کی زندگی کے سارے کاروبار انگریز کے مقرر کردہ طریقہ پر انجام پاتے ہیں، اور آپ سب اسی کے حکم کے آگے سر اطاعت جھکا رہے ہیں۔ جب تک یہ دین اس قوت کے ساتھ قائم ہے، آپ خواہ کسی دین کے معتقد ہوں، بہر حال اس کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔ لیکن اگر تعزیرات ہند اور ضابطۂ دیوانی چلنا بند ہو جائے اور انگریز کے حکم کی اطاعت و بندگی نہ ہو تو بتائیے کہ دین انگریز کا کیا مفہوم باقی رہ جاتا ہے؟

ایسا ہی معاملہ دین اسلام کا بھی ہے۔ اس دین کی بنا یہ ہے کہ زمین کا مالک اور انسانوں کا بادشاہ صرف اللہ تعالیٰ ہے لہذا اسی کی اطاعت اور بندگی ہونی چاہیے اور اسی کی شریعت

پر انسانی زندگی کے سارے معاملات چلنے چاہییں - یہ اللہ کے اقتدار اعلیٰ کا اصول جو اسلام پیش کرتا ہے یہ بھی اسی غرض کے لیے ہے، اور اسکے سوا کوئی دوسری غرض اسکی نہیں ہے کہ زمین میں صرف اللہ کا حکم چلے، عدالت میں فیصلہ اسی کی شریعت پر ہو، پولیس اسی کے احکام جاری کرے، لین دین اسی کے ضابطہ کی پیروی میں ہو، ٹیکس اسی کی مرضی کے مطابق لگائے جائیں اور اپنی مصارف میں صرف ہوں جو اس نے مقرر کیے ہیں، سول سروس اور فوج اسی کے زیر حکم ہو، تقویٰ اور خوف اسی سے کیا جائے، رعیت اسی کی مطیع ہو، اور فی الجملہ انسان اسکے سوا کسی کے بندے بن کر نہ رہیں - ظاہر بات ہے کہ یہ غرض پوری نہیں ہوسکتی جب تک کہ خالص الٰہی حکومت نہ ہو۔ کسی دوسرے دین کے ساتھ یہ دین شرکت کہاں قبول کرسکتا ہے؟ اور کونسا دین ہے جو دوسرے دین کی شرکت قبول کرتا ہو؟ ہر دین کی طرح یہ دین بھی یہی کہتا ہے کہ اقتدار خالصاً مخلصاً میرا ہونا چاہیے اور ہر دوسرا دین میرے مقابلہ میں مغلوب ہوجانا چاہیے ورنہ میری پیروی نہیں ہوسکتی۔ میں ہونگا تو دین جمہوری نہ ہوگا، دین پادشاہی نہ ہوگا، دین اشتراکی نہ ہوگا، کوئی بھی دوسرا دین نہ ہوگا۔ اور اگر کوئی دوسرا دین ہوگا تو میں نہ ہونگا اور اس صورت میں محض مجھے حق ماننے کا کوئی نتیجہ نہیں۔ یہی بات ہے جس کو قرآن بار بار دہراتا ہے۔ مثلاً

وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ حُنَفَآءَ (البینہ)	لوگوں کو اسکے سوا کسی بات کا حکم نہیں دیا گیا کہ سب طرف سے منہ موڑ کر اپنے دین کو اللہ کے لیے خالص کریں اور اسی کی عبادت کریں۔
هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ (التوبہ)	وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اس کو پوری جنس دین پر غالب کردے خواہ شرک کرنے والوں کو ایسا کرنا کتنا ہی ناگوار ہو۔
وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ	اور ان سے لڑو یہاں تک کہ فتنہ باقی نہ رہے اور

وَيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ (الانفال - ۵)

دین سارا کا سارا اللہ کے لیے ہو جائے۔

اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ (یوسف - ۵)

حکم اللہ کے سوا کسی کے لیے نہیں ہے۔ اس کا حکم ہے کہ خود اُسکے سوا کسی کی عبادت نہ کی جائے۔

فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا (الکہف - ۱۲)

تو جو کوئی اپنے رب کی ملاقات کا امیدوار ہو اس کو چاہیے کہ عمل صالح کرے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی دوسرے کی عبادت شریک نہ کرے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ... وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ (النساء - ۹)

تو نے دیکھا نہیں ان لوگوں کو جو دعویٰ تو یہ کرتے ہیں کہ ایمان لائے ہیں اس ہدایت پر جو تیری طرف اور تجھ سے پہلے کے نبیوں کی طرف آتاری گئی تھی اور پھر ارادہ یہ کرتے ہیں کہ اپنے معاملات کا فیصلہ طاغوت سے کرائیں حالانکہ انہیں طاغوت سے کفر کرنے کا حکم دیا گیا تھا..... ہم نے جو رسول بھی بھیجا ہے اسی لیے تو بھیجا ہے کہ اللہ کے اذن کے مطابق اس کی اطاعت کی جائے۔

اوپر میں عبادت اور دین اور شرک کی جو تشریح کر چکا ہوں اسکے بعد آپ کو یہ سمجھنے میں کوئی دقت نہ ہوگی کہ ان آیات میں قرآن کیا کہہ رہا ہے۔

اب یہ بات بالکل صاف ہوگئی کہ اسلام میں جہاد کی اس قدر اہمیت کیوں ہے۔ دوسرے تمام دینوں کی طرح دین اللہ بھی محض اس بات پر مطمئن نہیں ہو سکتا کہ آپ بس اس کے حق ہونے کو مان لیں اور اپنے اس اعتقاد کی علامت کے طور پر محض رسمی پوجا پاٹ کر لیا کریں۔ کسی دوسرے دین کے ماتحت رہ کر آپ اس دین کی پیروی کر ہی نہیں سکتے۔ کسی دوسرے دین کی شرکت میں بھی اسکی

پیروی ناممکن ہے۔ لہذا اگر آپ واقعی اس دین کو حق سمجھتے ہیں تو آپ کے لیے اسکے سوا کوئی چارہ نہیں ہے کہ اس دین کو زمین میں قائم کرنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا دیں اور یا تو اسے قائم کر کے چھوڑیں یا اسی کوشش میں جان دیدیں۔ یہی کسوٹی ہے جس پر آپ کے ایمان و اعتقاد کی صداقت پرکھی جاسکتی ہے۔ آپکا اعتقاد سچا ہوگا تو آپ کو کسی دوسرے دین کے اندر رہتے ہوئے آرام کی نیند تک نہ آسکیگی کجا کہ آپ اُسکی خدمت کریں اور اس خدمت کی روٹی مزے سے کھائیں اور آرام سے پاؤں پھیلا کر سوئیں۔ اس دین کو حق مانتے ہوئے تو جو لمحہ آپ پر کسی دوسرے دین کی ماتحتی میں گذریگا اس طرح گذریگا کہ بستر آپ کے لیے کانٹوں کا بستر ہوگا، کھانا زہر اور حنظل کا کھانا ہوگا اور دین حق کو قائم کرنے کی کوشش کیے بغیر آپ کو کسی کل چین نہ آسکیگا۔ لیکن اگر آپ کو دین اللہ کے سوا کسی دوسرے دین کے اندر رہنے میں چین آتا ہو، اور آپ اس حالت پر راضی ہوں تو آپ مومن ہی نہیں ہیں، خواہ آپ کتنی ہی دل لگا لگا کر نمازیں پڑھیں، کتنے ہی لمبے لمبے مراقبے کریں، کتنی ہی قرآن و حدیث کی شرح فرمائیں، اور کتنا ہی اسلام کا فلسفہ بگھاریں۔ یہ تو ان لوگوں کا معاملہ ہے جو دوسرے دین پر راضی ہوں۔ رہے وہ منافقین جو دوسرے دین کی خدمت گاری کرتے ہوں، یا کسی اور دین (مثلاً دین جمہور) کو لانے کے لیے جہاد کرتے ہوں، تو انکے متعلق میں کیا کہوں؟ موت کچھ دور نہیں ہے، وہ وقت جب آئیگا تو جو کچھ کمائی انہوں نے دنیا کی زندگی میں کی ہے، خدا خود ہی انکے سامنے رکھ دیگا۔ یہ لوگ اگر اپنے آپ کو مسلمان سمجھتے ہیں تو سخت حماقت میں مبتلا ہیں۔ عقل ہوتی تو ان کی سمجھ میں خود آجاتا کہ ایک دین کو برحق ماننا اور اس کے خلاف دوسرے دین کے قیام میں حصہ لینا یا دوسرے دین کو قائم کرنے کی کوشش کرنا، بالکل ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ آگ اور پانی جمع ہوسکتے ہیں، مگر ایمان باللہ کے ساتھ یہ عمل قطعاً جمع نہیں ہوسکتا۔

قرآن اس سلسلہ میں جو کچھ کہتا ہے وہ سب کا سب تو اس خطبہ میں کہاں نقل کیا جاسکتا ہے، مگر صرف چند آیتیں آپ کو سناتا ہوں:

أَحَسِبَ النَّاسُ أَنْ يُتْرَكُوا أَنْ يَقُولُوا آمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُونَ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللَّهُ الَّذِينَ صَدَقُوا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكَاذِبِينَ (العنکبوت-۱)

کیا لوگوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ وہ محض یہ کہہ کر کہ "ہم ایمان لائے" چھوڑ دیے جائینگے اور انکو آزمایا نہ جائیگا؟ حالانکہ ان سے پہلے بھی جس جس نے ایمان کا دعوی کیا ہے اسکو ہم نے آزمایا ہے۔ پس ضرور ہے کہ اللہ دیکھے کہ ایمان کے دعوے میں سچے کون ہیں اور جھوٹے کون۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ فَإِذَا أُوذِيَ فِي اللَّهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللَّهِ وَلَئِنْ جَاءَ نَصْرٌ مِنْ رَبِّكَ لَيَقُولُنَّ إِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ أَوَلَيْسَ اللَّهُ بِأَعْلَمَ بِمَا فِي صُدُورِ الْعَالَمِينَ وَلَيَعْلَمَنَّ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنَافِقِينَ (العنکبوت-۱)

اور لوگوں میں سے کوئی ایسا بھی ہے جو کہتا ہے کہ ہم ایمان لائے اللہ پر، مگر جب اللہ کے رستے میں وہ ستایا گیا تو ان لوگوں کی سزا سے ایسا ڈرا جیسے اللہ کے عذاب سے ڈرنا چاہیے حالانکہ تیرے رب کی طرف سے فتح آجائے تو وہی آکر کہے کہ ہم تو تمہارے ہی ساتھی تھے۔ کیا اللہ جانتا نہیں ہے جو کچھ لوگوں کے دلوں میں ہے؟ مگر وہ ضرور دیکھ کر رہیگا کہ مومن کون ہیں اور منافق کون۔

مَا كَانَ اللَّهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلَىٰ مَا أَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتَّىٰ يَمِيزَ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ (آل عمران - ۱۰)

اللہ تعالی کی حکمت کے خلاف ہے کہ مومنوں کو اسی طرح رہنے دے جس طرح وہ اب ہیں (کہ سچے اور جھوٹے مدعیان ایمان خلط ملط)۔ وہ باز نہ رہے گا جب تک خبیث اور طیب کو چھانٹ کر الگ الگ نہ کردے۔

أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تُتْرَكُوا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللَّهُ الَّذِينَ جَاهَدُوا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ وَلَا رَسُولِهِ وَلَا الْمُؤْمِنِينَ

کیا تم نے یہ سمجھ لیا ہے کہ تم یونہی چھوڑ دیے جاؤ گے حالانکہ ابھی اللہ نے یہ نہیں دیکھا کہ تم میں سے جہاد کن لوگوں نے کیا اور کون ہیں جنہوں نے اللہ اور رسول اور مومنوں

وَلِيجَةً (التوبہ - ۲) کو چھوڑ کر دوسروں سے اندرونی تعلق نہیں رکھا۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ...... اُولٰٓئِكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ - اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اُولٰٓئِكَ فِى الْاَذَلِّيْنَ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِىْ اِنَّ اللّٰهَ قَوِىٌّ عَزِيْزٌ (المجادلہ - ۳)

تو نے دیکھا نہیں ان لوگوں کو جو ساتھ دیتے ہیں اس گروہ کا جس سے اللہ ناراض ہے؟ یہ لوگ تمہارے ہی ہیں نہ انہی کے ہیں ..... یہ تو شیطان کی پارٹی کے لوگ ہیں اور خبردار رہو کہ شیطان کی پارٹی والے ہی نامراد رہنے والے ہیں۔ یقیناً جو لوگ اللہ اور رسول کا مقابلہ کرتے ہیں (یعنی دین حق کے قیام کے خلاف کام کرتے ہیں) وہ شکست کھانے والوں میں ہونگے۔ اللہ کا فیصلہ ہے کہ میں اور میرے رسول غالب ہو کر رہینگے، یقیناً اللہ طاقت ور اور زبردست ہے۔

ان آیات میں قرآن مجید نے اُن لوگوں کو بھی جواب دے دیا ہے جو دین حق کو قائم کرنے کی مشکلات عذر کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ دین حق کو جب کبھی قائم کرنے کی کوشش کی جائیگی، کوئی نہ کوئی دینِ باطل قوت اور زور کے ساتھ قائم شدہ تو پہلے سے موجود ہوگا ہی۔ طاقت بھی اسی کے پاس ہوگی، رزق کے خزانے بھی اُسی کے قبضے میں ہونگے، اور زندگی کے سارے میدان پر وہی مسلط ہوگا۔ ایسے ایک قائم شدہ دین کی جگہ کسی دوسرے دین کو قائم کرنے کا معاملہ بہرحال پھولوں کی سیج تو نہیں ہوسکتا۔ آرام اور سہولت کے ساتھ بیٹھے بیٹھے قدم چل کر یہ کام نہ کبھی ہوا ہے نہ ہوسکتا ہے۔ آپ چاہیں کہ جو کچھ فائدے دینِ باطل کے ماتحت زندگی بسر کرتے ہوئے حاصل ہوتے ہیں یہ بھی ہاتھ سے نہ جائیں اور دینِ حق بھی قائم ہو جائے تو یہ قطعاً محال ہے۔ یہ کام تو جب بھی ہوگا اسی طرح ہوگا کہ آپ ان تمام حقوق کو، ان تمام فائدوں کو، اور ان تمام آسائشوں کو لات مارنے کے لیے تیار ہو جائیں جو دینِ باطل

کے ماتحت آپ کو حاصل ہوں، اور جو نقصان بھی اس مجاہدہ میں پہنچ سکتا ہو اس کو ہمت کے ساتھ انگیز کریں۔ جن لوگوں میں یہ کھکیڑ اٹھانے کی ہمت ہو، جہاد فی سبیل اللہ انہی کا کام ہے، اور ایسے لوگ ہمیشہ کم ہی ہوا کرتے ہیں۔ رہے وہ لوگ جو دینِ حق کی پیروی کرنا تو چاہتے ہیں مگر آرام کے ساتھ، تو ان کے لیے بڑھ بڑھ کر بولنا مناسب نہیں۔ ان کا کام تو یہی ہے کہ آرام سے بیٹھے اپنے نفس کی خدمت کرتے رہیں اور جب خدا کی راہ میں مصیبتیں اٹھانے والے آخر کار اپنی قربانیوں سے دینِ حق کو قائم کر دیں تو وہ آکر کہیں اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ، یعنی ہم تو تمہارے دینی بھائی اور تمہاری ہی جماعت کے آدمی ہیں، لاؤ اب ہمارا حصہ دو۔